09.03.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... کلیم احمد

-------------------------------

Music

☆ بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان ICC چیمپئنس ٹرافی کا فائنل دوبئی میں اب سے کچھ دیر بعد کھیلا جائے گا۔

☆ مرکزی داخلہ سکریٹری، جموں و کشمیر میں سلامتی کی صورتحال کا جائزہ لینے کی غرض سے جموں میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں۔

☆ بھارت نے کیلیفورنیا میں ہندو مندر میں تخریبی کارروائی کی مذمت کی ہے اور قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کئے جانے کی مانگ کی ہے۔

☆ شام میں، حفاظتی دستوں اور معزول صدر بشار الاسد کے حامیوں کے درمیان تصادم میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔

☆ اور موسم سرما کے، کھیلو انڈیا گیمز 2025 آج شام جموں و کشمیر کے گلمرگ میں شروع ہو رہے ہیں۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## Cricket - Fans Reaction

ICC چیمپئنز ٹرافی 2025 کے فائنل میں آج سہ پہر بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق ڈھائی بجے شروع ہوگا۔ بھارت اِس ٹورنامنٹ میں ایک بھی میچ نہیں ہارا ہے۔ اُس نے لیگ مرحلے میں بنگلہ دیش، پاکستان اور نیوزی لینڈ کو ہرایا، جبکہ سیمی فائنل میں آسٹریلیا پر جیت حاصل کی۔ دوسری جانب نیوزی لینڈ نے لیگ سطح پر پاکستان اور بنگلہ دیش کو ہرایا لیکن وہ آخری لیگ میچ میں بھارت سے ہار گیا۔ البتہ اُس نے سیمی فائنل میں جنوبی افریقہ کو ہرایا اور فائنل میں اپنی جگہ بنائی۔

پیش ہے ایک رپورٹ

## *VC - Vinod Kumar*

*دنیا بھر کے کرکٹ شائقین نے آج اپنی توجہ دبئی پر مرکوز کر دی ہے، جہاں کرکٹ کھیلنے والے دو اہم ملک، اب سے تھوڑی دیر بعد ICC چیمپئنز ٹرافی 2025 کیلئے آمنے سامنے ہونگے۔*

*دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں، جہاں روہت شرما کی قیادت والی Unbeaten بھارتی ٹیم، Mitchell Santner کی نیوزیلینڈ کا سامنا کرے گی۔ فائنل میچ بہت سنسنی خیز ہونے کی امید ہے۔ دونوں ملکوں کے کرکٹ شائقین دبئی پہنچ چکے ہیں، جس کے سبب اسٹیڈیم کے باہر کے ماحول میں بھی بہت جوش و خروش ہے۔ دبئی کی پچ پورے ٹورنامنٹ کے دوران، گیند بازوں کیلئے سازگار رہی ہے۔ کرکٹ کے بہت تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ ٹاس جیتنے والا کپتان پہلے بلے بازی منتخب کرنا پسند کرے گا۔*

*دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالمالک۔*

فائنل میچ سے پہلے ملک میں کرکٹ کے شائقین میں کافی جوش و خروش ہے۔

## *SB - 1400 - Voxpop Ind - NZ - Match*

دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے بھارتی ٹیم کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

*SB - 1400 - Rekha Gupta Match*

مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو نے بھی،اِس یقین کا اظہار کیا ہے کہ بھارتی ٹیم فتح یاب ہو گی۔

ممبئی میں بھی نوجوان کرکٹ شائقین نے جوش و خروش کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ وہ میچ دیکھنے کے منتظر ہیں۔

*SB - 1400 - Young Fans*

بھارت تیسری بار چیمپئنس ٹرافی جیتنے کی کوشش کر رہا ہے۔اِس سے پہلے اُس نے 2002 اور 2013 میں ٹرافی جیتی تھی۔x

MEA - PM Mauritius

وزیر اعظم نریندر مودی منگل سے ماریشس کا دو روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔ نئی دلّی میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے خارجہ سکریٹری وِکرم مسری نے کہا کہ بھارت کے ماریشس کے ساتھ تعلقات مشترک تاریخ، ثقافت اور انتہائی مضبوط عوام سے عوام کے درمیان تعلقات پر مبنی ہیں۔

*SB-0815-Vikram Misri - Indo Mauritius*

جناب مسری نے بتایا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کو ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں مہمانِ خصوصی کے طور پر مدعو کیا گیا ہے۔x

J&K - Security Meeting

مرکزی داخلہ سکریٹری گووند موہن، آج جموں میں سکیورٹی کے جائزے سے متعلق اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں۔اس میٹنگ میں نیم فوجی فورسز اور انٹلی جینس ایجنسیوں کے اعلیٰ حکام بھی شرکت کر رہے ہیں۔

ان کے علاوہ اس میٹنگ میں جموں و کشمیر کے پولیس اور سکیورٹی فورسز کے اعلیٰ افسران خطے میں سکیورٹی کی صورتحال کا جائزہ لینے کی غرض سے ایک جگہ جمع ہوئے ہیں۔اس میٹنگ میں دو اجلاس منعقد کئے جائیں گے۔اعلیٰ عہدیدار، جموں خطے میں سکیورٹی کی صورتحال اور دہشت گردی کے خاتمے کی غرض سے حکمت عملی وضع کرنے کیلئے تفصیلی جانکاری فراہم کریں گے۔×

## Sitharaman India US Trade

وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ بھارت، اقتصادی ترقی کو فروغ دینے اور بلار کاوٹ سپلائی سلسلے کو یقینی بنانے کی غرض سے، امریکہ کے ساتھ ایک بہتر تجارتی سمجھوتے کا منتظر ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ محصولات سے متعلق، بڑھتے ہوئے عالمی تنازعے کے درمیان بھارت کو چابکدستی سے قدم اٹھانا ہوگا تاکہ زیادہ امریکی محصولات کا سامنا کرنے والے ملکوں کے مال کھپانے کی کارروائی سے خود کو محفوظ رکھا جاسکے۔

محترمہ سیتارمن نے کہا کہ ساتھ ہی ساتھ بھارت گھریلو صنعتوں کے مفادات کا تحفظ کرے گا، جن کا انحصار قابلِ استطاعت درآمدات پر ہے۔ وہ کل ممبئی میں ایک ایوارڈ تقریب میں اظہارِ خیال کر رہی تھیں۔

بھارت اور امریکہ ایک دوطرفہ تجارتی معاہدے پر بات چیت کر رہے ہیں، جس کا مقصد 2030 تک تجارت کو دوگنا یعنی 500 ارب ڈالر کرنا ہے۔ ایک ہفتے طویل دورے کے بعد کامرس کے وزیر پیوش گوئل اپنے امریکی ہم منصب کے ساتھ تجارت سے متعلق بات چیت کرنے کے بعد کل واشنگٹن سے لوٹے ہیں۔x

## MEA - California Temple

بھارت نے، کیلی فورنیا میں Chino - Hills کے مقام پر ایک ہندو مندر میں توڑ پھوڑ کی مذمت کی ہے۔ میڈیا کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے، وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ وزارت نے قانون نافذ کرنے والے مقامی حکام پر زور دیا ہے کہ وہ اس توڑ پھوڑ کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی کریں۔ وزارت نے عبادت گاہوں کی مناسب سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے بھی کہا ہے۔×

## Manipur Joint Operations

بھارتی فوج اور Spear Corps کے تحت آسام رائفلز کے فوجیوں نے کل منی پور پولیس، CRPF، BSF اور ITBP کے ساتھ مل کر Jiribam، Tengnoupal، Kakching، Ukhrul، امپھال مشرق اور امپھال

مغرب ضلعوں میں بڑے پیمانے پر کارروائیاں شروع کی ہیں۔ کارروائیوں کے دوران 25 ہتھیار، دیسی بم، گرینیڈس، گولی بارود وغیرہ برآمد کئے گئے۔ حفاظتی دستوں نے Kangpokpi ضلعے میں بنکرس کو بھی تباہ کردیا۔x

VP - AIIMS

نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کو بے چینی کی شکایت کے بعد کل رات نئی دلّی کے ایمس میں داخل کرایا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ جناب دھنکھڑ کی حالت مستحکم ہے۔x

Prez - Ananta Das

اڈیشہ کے سابق کابینی وزیرAnanta Das کاآج صبح سویرے بھوبنیشور میں ان کی رہائش گاہ پر انتقال ہوگیا۔ بی جے ڈی کے 85 سالہ لیڈر طویل عرصہ سے بیمار چل رہے تھے۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے ان کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، صدرجمہوریہ مرمو نے کہا کہ آزمودہ کار بی جے ڈی لیڈر رانتت داس نے اڈیشہ کے عوام کیلئے کام کیا تھا۔ انھوں نے سوگوار کنبے اور ان کے حامیوں سے تعزیت کا اظہار بھی کیا۔×

Rev. Syria Violence - Death Toll

شام میں ملک کے حفاظتی دستوں اور معزول صدر بشارالاسد کے حامیوں کے درمیان دودن سے جاری تصادم میں مرنے والوں کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کرگئی ہے۔ یہ پُر تشدد جھڑپیں جمعرات کوJableh کے ساحلی خطے میں شروع ہوئی تھیں اور اُس کے بعد بحرِ روم کے ساحل سے متصل علاقوں تک پھیل گئیں۔ انسانی حقوق پر نظر رکھنے والے شام کے ادارے کے مطابق یہ جھڑپیں اس وقت شروع ہوئیں، جب اس ہفتے کے شروع میں سابق صدر بشارالاسد کی معزول حکومت کے باقی بچے فوجیوں نے سرکاری فوجیوں پر حملے کیے، جس میں سیکیورٹی کے 16 اہلکار ہلاک ہوگئے تھے۔

جوابی کارروائی میں متحدہ نیم فوجی گروپوں نے نئی انتظامیہ کے ساتھ مل کر جوابی کارروائی کی۔

ادارے نے اطلاع دی ہے کہ ہلاک ہونے والوں میں 125 سرکاری سکیورٹی اہلکار اور 148 اسد حامی ملی ٹینٹس شامل ہیں۔ اُس نے خبردار بھی کیا ہے کہ قانونی جوابدہی نہ ہونے کی وجہ سے تشدد میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے اور ملک میں عدم استحکام بھی پیدا ہو سکتا ہے۔ x

## Khelo India Winter Games

موسمِ سرما کے کھیلو انڈیا گیمس 2025 کا دوسرا مرحلہ آج جموں و کشمیر کے گلمرگ میں شروع ہو رہا ہے۔ اِس کا باضابطہ افتتاح شام تقریباً ساڑھے چھ بجے کیا جائے گا۔ تین روزہ مقابلے میں 800 کھلاڑی چار کھیلوں

Alpine Skiing، Ski Mountaineering، Snowboarding اور Nordic Skiing میں حصہ لیں گے۔

جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے۔ x

## Israel - Ceasefire - Gaza

اسرائیل کل اپنا ایک وفد قطر کی راجدھانی دوحہ بھیجے گا۔ یہ وفد غزہ میں جنگ بندی کی تجدید اور فلسطینی مسلح گروپ حماس کے ذریعہ یرغمال بنائے گئے اسرائیلی افراد کی رہائی کو یقینی بنانے کی غرض سے، مذاکرات کو آگے بڑھانے کی خاطر وہاں جا رہا ہے۔ اسرائیل کے وزیر اعظم کے دفتر نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اسرائیل نے امریکہ کی حمایت سے ثالثی کرنے والے ملکوں کی دعوت قبول کر لی ہے۔

اس سے پہلے کل حماس نے کہا تھا کہ غزہ میں جنگ بندی سمجھوتے کے دوسرے مرحلے کیلئے مذاکرات کے تعلق سے مثبت اشارے مل رہے ہیں۔ گزشتہ ہفتے، اسرائیل نے باقی یرغمال افراد میں سے آدھے افراد کو رہا کرنے کیلئے حماس پر دباؤ ڈالنے کے مقصد سے، غزہ اور اس کے 20 لاکھ سے زیادہ افراد کیلئے سبھی قسم کے امدادی سامان کی سپلائی روک دی تھی۔ ×

J&K - Weather

جموں وکشمیر میں کل سے گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کے ساتھ ساتھ دور دور تک ہلکی بارش اور برفباری ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق، یہ سلسلہ اگلے چار روز تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ کل کشمیر خطے میں دور دور تک بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی گئی ہے، جبکہ جموں ڈویژن میں اِکا دُکا مقامات پر بارش ہو سکتی ہے۔

کشمیر میں کل رات کو کم از کم درجۂ حرارت، معمول سے ایک دو ڈگری سیلسیز کم رہا۔ جبکہ جموں ڈویژن میں جموں شہر کو چھوڑ کر زیادہ تر مقامات پر درجۂ حرارت نارمل رہا۔ جموں شہر میں درجۂ حرارت نارمل سے تین ڈگری سیلسیز کم رہا۔×

Rev. Delhi - Women Bike Rally

دلّی کے لیفٹیننٹ گورنر وِنے کمار سکسینہ اور وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے قومی راجدھانی میں آج خواتین کی Bike ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے، دلّی کی وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ شہر کے مختلف حصوں کی خواتین اِس ریلی میں حصہ لے رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس سے نہ صرف جوش و خروش اور مثبت اندازِ فکر میں اضافہ ہوگا بلکہ خود کفالت اور ترقی کی سمت میں بھی ایک مضبوط قدم ثابت ہوگا۔

*SB - Rekha Gupta*

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆